# 10004 ۔ اگربیوی اسلام قبول کرنے سے انکار کردے تو کیا اسے طلاق دینی ضروری ہے

**سوال**

اگر بیوی اسلام قبول کرنے سے انکار کردے توکیا اسے طلاق دینی واجب ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر تو آپ کی بیوی اہل کتاب ( یعنی یھودیہ یا نصرانیہ ) ہے توآپ پر اسے طلاق دینا واجب نہیں ، بلکہ آپ اسے بدستور اپنی بیوی بنا کر رکھ سکتے ہیں ایسا کرنا مباح اورجائز ہے ۔

لیکن اگر وہ کسی اوردین پر ہو یا پھر بے دین ہو تو صرف آپ کے قبول اسلام سے ہی آپ دونوں کے مابین علیحدگي ہوجائے گی ، کیونکہ مسلمان شخص کے لیے مشرکہ عورت سے نکاح کرنا جائز نہیں ، اگر وہ ایسا کرتا ہے تو وہ نکاح نہیں بلکہ زنا شمار ہوگا ۔

واللہ اعلم .